## 11534 ـ كيا اگر مال كى ضرورت ہو تو حج ميں تاخير كى جا سكتى ہے؟

### سوال

ميرے پاس حج كے ليے كافى مال ہے، ليكن مجھے اس رقم كى ضرورت بھى ہے تو كيا ميں حج مؤخر كر سكتا ہوں ؟

### پسنديده جواب

الحمد لله.

حج فرض ہونے كے ليے استطاعت ( قدرت ) شرط ہے، كيونكہ اللہ سبحانہ وتعالى كا فرمان ہے:

اور لوگوں پر اللہ تعالى كے ليے بيت اللہ كا حج فرض ہے جو بھى اس تك جانے كى استطاعت ركھتا ہو آل عمران ( 97 ).

اور يہ استطاعت مالى اور استطاعت بدنى دونوں كو شامل ہے.

بدنى استطاعت كا معنى يہ ہے كہ: انسان صحيح البدن ہو اور بيت اللہ تك سفر كى مشقت اور حج كى مشقت برداشت كر سكتا ہو.

اور مالى استطاعت كا معنى يہ ہے كہ: انسان كے پاس اتنى رقم ہو جس سے وہ بيت اللہ تك جانے اور واپس آنے اور وہاں خرچ اور اپنے پيچھے بيوى بچوں كا خرچ بھى كر سكتا ہو.

مستقل فتوى كميٹى كے علماء كرام كا كہنا ہے:

حج كے استطاعت كے متعلق گزارش يہ ہے كہ انسان صحيح البدن ہو اور بيت اللہ تك براستہ روڈ يا ہوائى جہاز يا جانور يا كرايہ كے ذريعہ جانے كے اخراجات كا مالك ہو، اور اس كے پاس آنے جانے كے خرچ كے علاوہ اپنى كفالت ميں موجود افراد جن كا خرچ اس پر واجب ہوتا ہے، حج سے واپس آنے تك كے اخراجات بھى ہوں، اور عورت كے ساتھ اس كا محرم يا خاوند كا ہو حتى كہ چاہے حج يا عمره كا سفر ہو. اھ

ديكھيں: فتاوى اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والافتاء ( 11 / 30 ).

اور اس ميں شرط يہ ہے كہ بيت اللہ تك جانے كے اخراجات اس كى اصل ضروريات اور شرعى اخراجات اور قرض

کی ادائیگی سے زائد ہوں.

قرض سے مراد حقوق اللہ مثلا کفارہ وغیرہ اور حقوق العباد ہیں.

اس لیے جس شخص پر بھی قرض ہے اور اس کے پاس حج اور قرض کی ادائیگی دونوں کے لیے مال پورا نہ ہوتا ہو وہ پہلے قرض ادا کرے، اور اس شخص پر حج فرض نہیں ہوتا.

اور بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اس میں قرض خواہ یعنی جس سے قرض لیا گیا ہو کی اجازت نہ دینا علت ہے، اور جب وہ اجازت دے تو پھر حج کرنے میں کوئی حرج نہیں.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

یہ گمان اور خیال غلط ہے اور اس کی کوئی اصل نہیں، بلکہ اس میں علت تو انشغال ذمہ ہے. اھ بتصرف.

دیکھیں: الشرح الممتع ( 7 / 30 ).

اور اگر قرض دینے والا شخص مقروض کو حج کی اجازت بھی دے دے تو پھر بھی قرض مقروض کے ذمہ باقی ہے، اور اس اجازت کی بنا پر وہ قرض سے بری الذمہ تو نہیں ہو جاتا، اسی لیے مقروض کو کہا جائيگا کہ:

پہلے اپنا قرض ادا کرو اور اگر حج کے لیے رقم باقی بچ جائے تو حج کرو وگرنہ آپ پر حج فرض نہیں ہے.

اور جب مقروض شخص جسے قرض نے حج کرنے سے روک رکھا فوت ہو جائے تو وہ مکمل اسلام کے ساتھ فوت ہوا ہے اس نے کوئی کمی کو تاہی نہیں کی، کیونکہ اس پر تو حج فرض ہی نہیں ہوا تھا، جس طرح فقر شخص پر زکاۃ فرض نہیں ہوتی اسی طرح حج بھی.

لیکن اگر اس نے قرض کی ادائیگی سے قبل حج کر لیا اور قرض ادا کرنے سے قبل فوت ہو گیا تو وہ خطرے میں ہے، کیونکہ شہید کو بھی قرض کے علاوہ ہر چیز معاف ہو جاتی لیکن قرض معاف نہیں ہوتا تو پھر کسی دوسرے شخص کا کیا حال ہو گا ؟!

اور شرعی نفقات سے مراد وہ اخراجات اور نفقات ہیں جو شریعت نے مقرر کیے ہیں، مثلا اپنا اور اپنے اہل و عیال کا بغیر اسراف و فضول خرچی کے صرف کرنا، اور اگر وہ متوسط حال ہے اور مالداری ظاہر کرنے کے لیے کوئی قیمتی گاڑی خرید لے تا کہ مالداروں کا مقابلہ کرسکے اور اس کے پاس حج کرنے کے لیے مال نہ ہو تو وہ یہ گاڑی فروخت کر کے اس کی قیمت سے حج کی ادائیگی کرے اور اپنی حالت کے مطابق مناسب سی گاڑی خرید لے.

کیونکہ اس کا اس قیمتی گاڑی پر خرچ کرنا شرعی اخراجات میں شامل نہیں ہوتا، بلکہ یہ اسراف اور فضول خرچی میں شامل ہے جس سے شریعت نے منع کیا ہے.

اور نفقہ میں معتبر یہ ہے کہ اس کے پاس آنے تك بیوی بچوں کے اخراجات موجود ہوں.

اور اس کے واپس آنے کے بعد اس کے پاس اتنی رقم ہو جو اس کی کفائت اور جن کا خرچ اس کے ذمہ ہے اس کے قائم مقام ہو مثلا گھر کا کرایہ یا تنخواہ یا تجارت وغیرہ.

اسی لیے اس پر مال تجارت کے راس المال سے جس کے نفع میں سے وہ اپنا اور اہل وعیال کا خرچ کرتا ہے سے حج کرنا لازم نہیں، جب ایسا کرنے سے راس المال میں نقص اور کمی واقع ہونے کی بنا پر نفع میں بھی کمی ہوتی ہو جو اس کے اخراجات کے لیے کافی نہ ہو.

مستقل فتوی کمیٹی سے درج ذیل سوال کیا گیا:

ایك شخص کی اسلامی بنك میں کچھ رقم ہے اور اس کی تنخواہ اور اس رقم کا نفع معتدل صورت میں اس کے اخراجات کے لیے کافی ہوتی ہے، تو کیا اس پر راس المال سے حج کرنا فرض ہے، یہ علم میں رہے کہ ایسا کرنے سے اس کی ماہانہ آمدنی میں کمی واقع ہو گی اور اسے کمزور کر دے گی ؟

کمیٹی کا جواب تھا:

" اگر تو آپ کی حالت ایسی ہی ہے جیسی آپ نے سوال میں بیان کی ہے تو شرعی استطاعت نہ ہونے کی بنا پر حج کرنے کے مکلف نہیں، کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

اور لوگوں پر اللہ تعالی کے لیے بیت اللہ کا حج کرنا اس کے لیے فرض ہے جو وہاں تك جانے کی استطاعت رکھتا ہے .

اور ایك دوسرے مقام پر ارشاد ربانی ہے:

اور اس نے تم پر دین میں کوئی تنگی نہیں رکھی. اھـ

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء ( 11 / 36 ).

اصلی ضروریات سے مراد یہ ہے کہ: انسان کی وہ ضروریات جن کی اسے زندگی میں زیادہ ضرورت ہوتی ہے، اور اس کے بغیر گزارا کرنا مشکل ہے.

مثلا: طالب علم كے ليے كتابيں، چنانچہ ہم اسے يہ نہيں كہينگے كہ تم كتابيں فروخت كر كے اس كى قيمت سے حج كرلو، كيونكہ يہ اس كى اصلى ضروريات ميں شامل ہوتي ہيں.

اور اسى طرح وہ گاڑى جس كى اسے ضرورت ہے، ہم يہ نہيں كہينگے كہ گاڑى فروخت كر كے اس كى قيمت سے حج كرو، ليكن اگر اس كے پاس دو گاڑياں ہوں اور اسے صرف ايك گاڑى كى ضرورت ہو تو پھر اس كے ليے ايك گاڑى فروخت كر كے اس كى قيمت سے حج كرنا واجب ہے.

اور اسى طرح كاريگر كے ليے اپنے آلات اور اوزار فروخت كرنے لازم نہيں كيونكہ يہ اس كى اصل ضرورت ميں شامل ہوتے ہيں.

اور اسى طرح وہ گاڑى جس پر وہ كام اور مزدورى كر كے اپنے اہل و عيال كا خرچ كرتا ہے، حج كرنے كے ليے اسے يہ گاڑى فروخت كرنى واجب نہيں.

اور اصلى ضروريات ميں نكاح كى ضرورت بھى شامل ہے.

اس ليے اگر اس كے پاس مال تو ہے ليكن اسے نكاح كرنے كے ليے بھى مال كى ضرورت ہے اور وہ اس مال سے شادى كريگا تو وہ شادى اور نكاح كو مقدم كريگا.

مزيد تفصيل معلوم كرنے كے ليے آپ سوال نمبر ( 27120 ) كے جواب كا مطالعہ ضرور كريں.

تو پھر مالى استطاعت سے مراد يہ ہوئى كہ قرض كى ادائيگى، اور شرعى اخراجات اور اصلى ضروريات كے بعد بچنے والى رقم جو حج كے ليے كافى ہو.

واللہ اعلم .